353/8

سیم قادری

اخوارج کلاب اہل النار (ابن ماجہ)

السوط الشدید علی دیوبندیت

اپنی تحریروں کے آئینہ میں

بقلم

مناظر اسلام مولانا صوفی سردار احمد نشتر نقشبندی

خطیب جامع مسجد نورانی۔ نورانی محلہ کامونکے (گوجرانوالہ)

ناشر

کتب خانہ نزد نورانی جامع مسجد کامونکے

136

کتبہ محمد اخلاق چشتی کامونکے

دیوبند کا مختصر تعارف

ابن عبدالوہاب کا روحانی فرزند اسماعیل بن عبدالغنی دہلی میں پیدا ہوا جس نے تقویۃ الایمان لکھ کر اپنے روحانی باپ عبدالوہاب نجدی کا خلف الرشید ہونے کا پورا پورا ثبوت دیا اس کے بعد ۱۸۶۳ء میں ہندوستان کے قصبہ دیوبند میں مدرسہ دیوبند قائم ہوا۔ اگر لفظ "دیوبند" کو غور سے دیکھا جائے تو معلوم ہو جائے گا کہ دیوبندی کہلانے والوں کو لازماً انبیاء اور اولیاء کا دشمن ہونا چاہیئے کیونکہ دنیا میں سب سے پہلے دیوبند کا لفظ قارون کے لئے استعمال کیا گیا۔ دیوبند قارون کا لقب تھا، پھر ایران کے قدیم بادشاہ جمشید کا لقب ہوا، پھر ہندوستان کے قصبہ کا نام ہوا۔

فیروز اللغات فارسی صفحہ ۴۸۶ جلد ۱

اصلی دیوبند یعنی قارون کو کون نہیں جانتا؟ بے شک وہ نبی اللہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا بدترین دشمن تھا۔ وہ، آپؑ کی دعا سے زمین میں دھنسا دیا گیا۔ معلوم ہوا نجدی اور دیوبندی فطرتاً حق اور اہل حق کے دشمن ہیں۔

اللہ تعالیٰ اپنے حبیب علیہ الصلوٰۃ والتسلیمات کے طفیل مذہب حقہ اہل سنت وجماعت پر ہر مسلمان کو قائم رہنے کی توفیق عطا فرمائے

آمین ثم آمین بجاہ طٰہٰ ویٰسین

نیاز آگین

سردار احمد

۲۰ رمضان المبارک ۱۴۰۲ھ ۱۲ جون ۱۹۸۲ء بروز ہفتہ

معاون حضرات

- جناب ڈاکٹر لیاقت علی صاحب کاموکے
- جناب ڈاکٹر محمد عمر صاحب کاموکے
- جناب محمد سلیم صاحب سلیم بوٹ ہاؤس کاموکے
- میاں ظہور احمد سیٹھ محمد اشرف رحمانی صاحبان
- محمد مشتاق صاحب قلعہ دیدار سنگھ
- محمد یوسف بٹ قلعہ دیدار سنگھ
- شیخ اللہ رکھا صاحب مین بازار کاموکے

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ اجمعین

اما بعد

ایک دیوبندی خارجی کا رسالہ بنام "بریلویت، اپنی تحریروں کے آئینہ میں" نظر سے گزرا جو کہ فرقہ دیوبندیہ کی ترجمانی اور خباثت باطنی پر مشتمل ہے۔ جس نے مجھے قلم اٹھانے پر مجبور کیا تاکہ مؤلف کی جہالت اور لایعنی قلبی کا دانی جواب دیا جائے۔ اور اختصار کے ساتھ مؤلف کی کذب بیانی اور غلط تاویلات کا قلع قمع ہو جائے۔ اور فرقہ وارایت کا لباس پہن کر قوم کو دھوکا دینے والے خارجیوں کا بر سر عام انکشاف ہو جائے۔ تاکہ اہل اسلام کو معلوم ہو جائے کہ کون افراد اسلام کے دشمن اور اسلام کے داعی کون ہیں؟۔ فیصلہ اہل علم حضرات ہی کریں گے جاہل سے ہمارا کوئی واسطہ نہیں۔ قارئین کرام! لیجئے اب جواب حاضر خدمت ہے۔

دیوبندی وہابی کی نقل کردہ عبارت (۱ صفحہ)

عزا سے اگر بطیب خاطر ممکن ہو ممکن ہو تو فاتحہ میں ہفتہ میں دو تین بار ان اشیاء سے بھی کچھ بھیج دیا کریں۔ دودھ کا برف خانہ ساز، اگرچہ بھینس کے دودھ کا ہو۔ مرغ کی بریانی مرغ پلاؤ خواہ بکری کا شامی کباب پراٹھے اور فرینی۔ بالائی۔ اندھی دال مع ادرک اور لوازم۔ گوشت بھری کچوریاں سیب کا پانی۔ انار کا پانی سوڈے کی بوتل۔ دودھ کا برف اگر روزانہ ایک چیز ہو سکے یوں کر دیا جیسے مناسب جانو مگر بطیب خاطر میرے لکھنے پر مجبور نہ ہو۔

وصایا شریف صفحہ ۹، ۱۰

دیوبندی وہابی کی خیانت اور اصل عبارت

فاتحہ کے کھانے سے اغنیاء کو کچھ نہ دیا جائے۔ صرف فقراء کو دیں اور وہ بھی اعزاز اور خاطر داری کے ساتھ!

وصایا شریف صفحہ ۱۰

دیوبندی وہابی ملاں نے مابعد تو نقل کر دیا۔ لیکن ماقبل نہیں نقل کیا یہی دیوبندی وہابی کی خباثت باطنی ہے۔ نقل کردہ عبارت سے صاف ظاہر ہوگیا کہ وصیت کردہ تمام کھانے فقرا کو دیئے جائیں اور فاتحہ کے کھانے کا مرسل الیہ فقرا ہیں نہ کہ اعلیٰ حضرت جس ملاں کو اتنا بھی شعور نہیں کہ مرسل الیہ ذات کون ہے اس کی جہالت عظمیٰ پر صد افسوس ہے ..... باقی رہا حلوا چیز کی وصیت کرنا۔ تو یہ سنت رسول علیہ السلام ہے حضرت عتق کہتے ہیں کہ میں نے علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ دو مینڈھے قربانی کرتے تھے۔ میں نے پوچھا۔ یہ کیوں؟ آپ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے وصیت فرمائی تھی کہ میری طرف سے جانور قربانی کیا کرنا سو میں آپ کی طرف سے قربانی دیتا ہوں۔ مشکوٰۃ شریف عربی صہ ۱۲۸، مظاہر حق صہ ۴۹۳ جلد ۱

اس حدیث سے گوشت کی وصیت کرنا ثابت ہوگیا۔ اِذَا ثَبَتَ الْعِلَّتُ ثَبَتَ الْحُکْمُ۔ جب پسندیدہ چیز کی وصیت سنت رسول ہے تو پراٹھے۔ حلوہ اور گوشت وغیرہ تمام حلال چیزوں کی وصیت عند الشرع جائز ہوئی۔ اب اگر کوئی خارجی کہے کہ حضور علیہ السلام کو آخری وقت بھی گوشت کھانے کی سوجھی۔ معاذ اللہ ثم معاذ اللہ کوئی بددین ہی یہ بات کہہ سکتا ہے۔ کیونکہ اہل اسلام کا یہ عقیدہ ہے کہ فاتحہ کے کھانے لعینہ نہیں پہنچتے بلکہ فی سبیل اللہ خیرات کا ثواب پہنچتا ہے۔

دیوبندی وہابی کی نقل کردہ عبارت نمبر ۲ صفحہ ۷

مسئلہ میت کے سوم (تیجہ یا قل) کا کس قدر وزن ہونا چاہیئے؟ اگر چھواروں پر فاتحہ دلائی جائے تو ان کا کس قدر وزن ہو؟ **الجواب** ۔ کوئی وزن شرعاً مقرر نہیں اتنے ہوں جس پر ستر ہزار عدد پورا ہو جائے

فتاویٰ اعلیٰ حضرت عرفان شریعت حصہ اول صہ ۷

جواب۔ چھواروں پر شمار کرنے کے لئے حدیث ملاحظہ فرمائیے۔ خلاصہ اس کا یہ ہے۔ نبی پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک عورت کو دیکھا کہ گٹھلیاں یا کنکریاں لئے ہوئے ذکر اللہ شمار کر رہی ہے۔ آپ نے اس کو منع نہیں فرمایا۔

جامع ترمذی عربی صہ ۵۱۱ جلد ۱

اس حدیث سے گٹھلیوں پر شمار کرنا تو ثابت ہوگیا۔ اب ستر ہزار کا حوالہ پیش خدمت ہے۔ نقل ہے کہ حضرت جنیدؒ کے کسی مرید کا رنگ یکایک متغیر ہوگیا۔ آپ نے سبب پوچھا تو بدولت مکاشفہ اس نے یہ کہا کہ اپنی ماں کو دوزخ میں دیکھتا ہوں۔ حضرت جنیدؒ نے ایک لاکھ یا پچھتر ہزار بار کبھی کلمہ پڑھا تھا یوں سمجھ کر کہ بعض روایتوں میں اس کلمہ کے ثواب پر وعدہ مغفرت ہے۔ اپنے جی ہی جی میں اس مرید کی ماں کو بخش دیا۔ تحذیر الناس صہ ۴۲

اب میں دیوبندی خارجی ملاں سے پوچھتا ہوں کہ اگر ستر ہزار کی گنتی ناجائز ہے تو اپنے مسلم بزرگ قاسم نانوتوی پر کیا فتویٰ دیں گے عقل ہوتی تو اتنی بے شعوری بات کبھی نہ کرتا۔

دیوبندی وہابی کی عبارت نمبر ۳ صفحہ ۷

ہندوستان دار السلام ہے ہرگز دار الحرب نہیں عرفان شریعت صہ

جواب ۔ دیوبندی وہابی کے مسلم بزرگ نے بھی ہندوستان کو دار السلام لکھا ہے۔ تحذیر الناس صہ ۴۸

دیوبندی وہابی کی عبارت نمبر ۴ صفحہ ۸

رضا حسین، حسین اور تم سب محبت و اتفاق سے رہو اور حتی الامکان اتباع نہ چھوڑو اور میرا دین و مذہب جو میری کتب سے ظاہر ہے اس پر مضبوطی سے قائم رہنا ہر فرض سے اہم فرض ہے۔ وصایا شریف صہ ۱۰

جواب :- اس عبارت میں اتباع شریعت کی وصیت ہے علاوہ ازیں اعلیٰ حضرت کو اپنے دین و مذہب پر مکمل اعتماد تھا اس لئے وصیت کردی۔ وہابی کے بزرگوں کو اپنے دین و مذہب اور کتب پر مکمل اعتماد نہیں تھا اس لئے وصیت نہیں کی۔ کیونکہ ان کو اپنے کافر ہونے پر مکمل اعتماد تھا۔ حوالہ پیش خدمت کیا جاتا ہے تاکہ بات واضح ہو جائے کہ دیوبندیوں نے وصیت کیوں نہیں کی اس کی اصل وجہ کیا ہے۔ مرتضیٰ حسین چانپوری دیوبندی اپنی کتاب " اشد العذاب " میں صفحہ ۱۳ پر لکھتا ہے۔

" خاں صاحب پر ان علمائے دیوبند کی تکفیر فرض تھی۔ اگر وہ ان کو کافر نہ کہتے تو خود کافر ہو جاتے "

دیوبندی وہابی کی عبارت ۵ صفحہ ۸ لیکن اصل عبارت یوں ہے

وہابیوں کے جھوٹے خدا

وہابی، ایسے کو خدا کہتا ہے جسے مکان۔ زمان۔ جہت۔ ماہیت۔ ترکیب عقلی سے پاک کہنا بدعت حقیقیہ کے قبیل سے اور صریح کفروں کے ساتھ گننے کے قابل ہے اس کا سچا ہونا کچھ ضروری نہیں جھوٹا بھی ہو سکتا ہے۔ ایسے کہ جس کی بات پر اعتبار نہیں نہ اس کی کتاب قابل استناد نہ اس کا دین لائق اعتماد۔ ایسے کو جس میں ہر عیب و نقص کی گنجائش ہے۔ جو کہ اپنی مشیت بنی رکھنے کو قصداً عیبی بننے سے بچاتا ہے چاہے تو ہر گندگی میں آلودہ ہو جائے۔ ایسے کو جس کا علم حاصل کئے سے حاصل ہوتا ہے اس کا علم اس کے اختیار میں ہے چاہے تو جاہل رہے۔ ایسے کو جس کا بہکنا بھولنا۔ اونگھنا۔ غافل رہنا۔ ظالم ہونا حتیٰ کہ مرجانا سب کچھ ممکن ہے۔ کھانا، پینا، پیشاب کرنا۔ پاخانہ کرنا۔ ناجاننا۔ مکر کرنا وغیرہ لکھا۔ بحوالہ فتویٰ رضویہ ص ۹۱ جلد ۱

جواب :- اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ نے دیوبندیوں وہابیوں کی کتب کے بے شمار، حاشیوں پر نام لکھے ہیں جن کے حوالے یہ ہیں۔ مثلاً ایضاح الحق، اسماعیل دہلوی کی مع ترجمہ ص ۳۵، ۳۶۔ سبحان السبوح، رسالہ یک روزہ فارسی (یہ رسالہ میرے پاس موجود ہے) تقویۃ الایمان۔ کنز الحقائق فتاوی رشیدیہ کا حوالہ پیش کیا جاتا ہے تاکہ دیوبندی وہابی نجدی ملاں کی تسلی ہو جائے۔

" الحاصل امکان کذب سے مراد دخول کذب تحت قدرت باری تعالیٰ ہے "

تھوڑا سا آگے چل کر پھر فیصلہ کن بات نقل ہے۔

" پس مذہب جمیع محققین اہل اسلام و صوفیائے کرام و علمائے عظام کا اس مسئلہ میں یہ ہے کہ کذب داخل تحت قدرت باری تعالیٰ ہے "

تھوڑا سا آگے چل کر پھر یوں نقل ہے۔ ..... " پس ثابت ہوا کہ کذب داخل تحت قدرت باری تعالیٰ ہے کیوں نہ ہو وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ "

فتاوی رشیدیہ ص ۳۹۲ براہین قاطع ص ۳۰۔

اسی طرح غیر مقلد نجدی وہابی وحید الزماں نے لکھا ہے

" لَقَدِرَ عَلَى الظُّلْمِ وَالْكَذِبِ " کنز الحقائق ص ۶

مذکورہ عبارت سے صاف ظاہر ہو گیا جبکہ کذب تحت قدرت باری تعالیٰ ہے تو دوسرے عیب بھی مانیں جائیں گے۔ حالانکہ اہل سنت والجماعت کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہے۔

دیوبندی وہابی کی عبارت ۶ صفحہ ۹

یہ اشعار نقل کئے ہیں۔

۱۔ مشکلوں کی تو نے آساں کر دیا — اے رضا مشکل کشا دیکھا تجھے (علاوہ دوسرے)

۲۔ ہر مرض کی شفا احمد رضا — دکھ درد کی دوا احمد رضا (")

نجدی وہابی! اپنے دامن میں ذرا جھانک۔ کیا گل کھلائے ہیں تیرے بزرگوں نے۔ اشعار حاضر خدمت کرتا ہوں۔ خدا خوف سے پڑھنا اور دل پر ہاتھ رکھ کر پڑھنا۔ مرثیہ محمود الحسن صـ۹

جنید و شبلی و ثانی ابو مسعود انصاری
حوائج دین و دنیا کے کہاں لے جائیں ہم پیارے
خدا ان کا مربی تھا وہ مربی تھے خلائق کے

رشید ملت و دیں غوث اعظم قطب ربانی
گیارہ قبلہ حاجات روحانی و جسمانی،
میرے مولا میرے ہادی تھے بے شک شیخ ربانی

نجدی وہابی کے بزرگوں نے تو حد کر دی، رشید احمد کو غوث اعظم بڑا مشکل کشا لکھ مارا۔ اور صحابی کا ثانی بنا دیا اور قبلہ حاجات بھی لکھ دیا۔ روحانی اور جسمانی اور تمام مخلوق کے پالنے والا لکھ مارا۔ تو جناب پہلے اپنے بزرگوں کی صفائی پیش کریں پھر آگے چلیں۔ جو فتویٰ مدارج اعلیٰ حضرت پر ہوگا وہی فتویٰ جناب کے مسلم بزرگوں پر ہوگا۔ جوش میں آکر ہوش ہی کھو بیٹھے! دیوبندی وہابی صاحب تحریر کا میدان بڑا وسیع ہے۔ ٹر ہانکنے سے بات نہیں بنتی

دیوبندی وہابی کی عبارت ۹ صفحہ ۱۰

"سبحانی ما اعظم شانی" یہ جملہ حضرت بایزید بسطامی کی طرف منسوب ہے جو کہ بریلوی حضرات نے کیا ہے۔ دوسری عبارت یوں ہے کہتے ہیں ایک شخص حضرت بایزید کے دروازہ پر آیا اور کہا "اے بایزید! گھر میں موجود ہو" فرمایا "نہیں اللہ کے سوا گھر کوئی موجود نہیں۔ بحوالہ فیوضات فریدیہ صـ۷۳

جواب۔ بایزید بسطامی علیہ الرحمۃ کا کلام "سبحانی ما اعظم شانی" اور "میرے گھر میں اللہ کے سوا کوئی نہیں"۔ یہ بریلوی حضرات کا اولیاء اللہ کی طرف منسوب نہیں۔ بلکہ حقیقت ہے دیوبندی نجدی وہابی نے بریلوی حضرات پر جھوٹ باندھا۔ جھوٹے پر خدا کی لعنت ہو۔ لیجئے اصل کتب کے حوالے نقل کئے جاتے ہیں جن میں دیوبندی وہابی کے مسلم بزرگ بھی شامل ہیں۔

"قول ابن منصور الحلاج انا الحق و ابی یزید البسطامی سبحانی و امثال ایسا اولیاء و

انبیاء آلت۔ تھوڑا سا آگے نقل ہے۔ "در غلبہ آن حال بایں الفاظ تکلم فرمودند" مکتوبات مجدد صـ۱۲ جلد اول مکتوب ۴۲۔ انفاس العارفین فارسی صـ۱۰۳ اردو صـ۱۶۳ مثنوی مولانا روم فارسی دفتر چہارم صـ۵۲ طبع پشاور الافاضات الیومیہ صـ۶۲ جلد ۴ اشرفعلی تھانوی

مذکورہ تمام حوالجات سے ثابت ہوا کہ ان دونوں بزرگوں نے یہ کلمات ضرور کہے ہیں لیکن مجدد پاک رحمۃ اللہ علیہ نے جواب دیا ہے کہ حالت سکر میں کہے ہیں اشرف علی تھانوی صاحب نے تو بڑی وضاحت کے ساتھ لکھا ہے کہ ایسے لوگ صاحب حال گزرے ہیں۔ شاہ منصور حلاج والی عبارت کا جواب بھی ہو گیا جو کہ وہابی ملاں نے آگے نقل کی ہے اور مجدد پاک نے تو فیصلہ ہی فرما دیا کہ خلاف شرع قول خواہ بایزید یا جنید و شبلی کا حجت نیست۔

دیوبندی وہابی کی عبارت ۸ صفحہ ۱۱

حضرت سیدی جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ پر تشریف لاتے اور یا اللہ کہتے ہوئے اس پر زمین کی مثل چلنے لگے۔ بعد کو ایک شخص آیا اسے بھی پار جانے کی ضرورت تھی کوئی کشتی اس وقت موجود نہ تھی جب اس نے حضرت کو جاتے دیکھا عرض کی "میں کس طرح آؤں" فرمایا "یا جنید یا جنید کہتا ہوا چلا آ" اس نے بھی کیا اور دریا میں زمین کی طرح چلنے لگا۔ جب بیچ دریا کے پہنچا شیطان لعین نے دل میں وسوسہ ڈالا کہ حضرت خود تو یا اللہ کہیں اور مجھ سے "یا جنید" کہلوائے ہیں۔ میں بھی یا اللہ کیوں نہ کہوں۔ اس نے یا اللہ کہا اور ساتھ ہی غوطہ کھایا۔ پکارا حضرت میں چلا" فرمایا "وہی کہہ یا جنید یا جنید" جب کہا دریا سے پار ہوا عرض کیا "یہ کیا بات تھی؟ آپ اللہ کہیں تو پار ہوں میں کہوں تو غوطہ کھاؤں" فرمایا "اے نادان! ابھی تو جنید تک تو پہنچا نہیں اللہ تک رسائی کی ہوس ہے"۔ بحوالہ ملفوظات اعلیحضرت صـ۱۱۶ جلد ۱

جواب۔ نبی علیہ السلام کا فرمان ہے "جو شخص آدمیوں کی تعریف نہیں کرتا۔ وہ

خدا تعالیٰ کی بھی تعریف نہیں کرتا۔ تفسیر عزیزی پارہ الٓمٓ اردو ص۱۳ طبع انڈیا

اس حدیث سے واضح ہو گیا کہ بندے کی تعریف خدا کی تعریف ہے۔ لیجئے ذکر الصالحین بھی مشکل کشا ہے۔ حافظ الحدیث امام اجل سیدنا علامہ جلال الدین سیوطی یوں رقمطراز ہیں۔

ذکر الانبیا عبادۃ وذکر الصالحین کفارۃ الجامع الصغیر عربی ص۱۵ ج۲

انبیا علیہم السلام کا ذکر عبادت ہے اور صالحین کا ذکر گناہوں کا کفارہ ہے اور مشکل کشا بھی ہے مذکورہ حدیث میں قید ہے کہ پہلے مومن بندے کا ذکر کرے تب خدا تعالیٰ کا ہو گا۔ بندے کا بندہ ہونا درست ہے فتاوی رشیدیہ ص۴۹۸ شمائم امدادیہ ص۵۸-۸۴۔

حاجی امداد اللہ صاحب فرماتے ہیں کہ جب بندہ اللہ تعالیٰ کے قریب ہو جاتا ہے تو فرمایا قُمْ فَانْذِرْ قرب نوافل ہے۔ حاجی امداد اللہ صاحب کا ایک اور حوالہ پڑھ کر اپنے بزرگوں کو داد دیجئے عبارت یوں ہے۔

ایک بزرگ نے کسی کو قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ تعلیم فرمایا۔ اس نے قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پڑھا۔ کچھ اثر نہ ہوا۔ فرمایا میری زبان سے پڑھو جیسا تعلیم کیا ہے"

شمائم امدادیہ ص۷۷

دیوبندیو! وہابیو! اگر یا جیتہ کہنا قابل گرفت ہے تو جناب کے معلم بزرگ نے تو صریحاً قرآن بگاڑنے کی تعلیم دی کہ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ کی بجائے قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پڑھنے کی تلقین کی۔ اس نے صحیح پڑھا مگر اثر نہ ہوا۔ جناب کے بزرگ قرآن صریحاً بگاڑ کر پڑھیں تو فتوی نہیں دیتے حالانکہ صریحاً کفر ہے۔

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام
وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

اللہ تعالیٰ قرآن بگاڑنے والے بزرگوں سے پناہ دے۔ آمین ثم آمین

دیوبندی وہابی کی عبارت نمبر۹ صفحہ ۱۱-۱۲ خلاصہ ۱۲ موسیٰ سہاگ رحمۃ اللہ علیہ

کا کہنا کہ اللہ اکبر میرا خاوند حیٌّ لَا یَمُوْتُ ہے اور یہ مجھے بیوہ کئے دیتے ہیں

ع۲ ان کا لباس زنانہ اور سرخ تھا۔ دیوبندی وہابی نے اعلیٰ حضرت کی عبارت میں خیانت کی ہے۔

اصل عبارت اس طرح ہے

سچے مجذوب کی یہ پہچان ہے۔ کہ شریعت مطہرہ کا کبھی مقابلہ نہ کرے گا

اعلیٰ حضرت آگے یوں رقمطراز ہیں کہ اندھی تقلید کے طور پر ان کے مزار کے بعض مجاوروں کو دیکھا کہ اب تک کڑے بالیاں اور جوشن پہنتے ہیں۔ یہ گمراہی ہے۔ صوفی صاحب تحقیق اور ان کا مقلد زندیق۔ ملفوظات اعلیحضرت ص۲۰۸ جلد۲۔

اعلیحضرت نے تو نقل کر کے خود سچے مجذوب کی نشان دہی کر دی کہ خلاف شرع نہیں ہوتا اور جو کرے ایسے مجذوب کا مقلد گمراہ ہے۔ خط کشیدہ عبارت تو دیوبندی وہابی شیر مادر سمجھ کر پی گیا۔

دیوبندی وہابی کی عبارت نمبر۱۰ صفحہ ۱۲

گر محمد نے محمد کو خدا مان لیا، پھر تو سمجھو کہ مسلمان ہے وہابی نہیں

بحوالہ دیوان محمدی ص۱۵۴۔ وہابی صاحب پہلے اپنے بزرگوں کی صفائی پیش کریں جن کا عقیدہ بھی ان اشعار سے بہت ملتا جلتا ہے۔ جناب کے مسلم بزرگ شاہ ولی اللہ دہلوی یوں رقمطراز ہیں۔

"آنکہ شما محمد میدانید نزدیک ما خدا است"

اور جس کو تم محمد صلی اللہ علیہ وسلم جانتے ہو وہ ہمارے نزدیک خدا ہے

انفاس العارفین فارسی ص۱۰۹ اردو ص۱۰۳

بقول شاہ ولی اللہ بھی کافر ہو گئے۔ کہہ دو کہ دو اب کہنے میں دیر کیسی؟ جو فتوی محمد یار گھڑی والے پر وہی فتوی شاہ ولی اللہ پر۔ حق بات کہنے سے روگرداں نہ ہونا چاہئے

اپنے بزرگوں کو بھی کافر کہیئے اور داد لیجئے۔

ع خود آپ اپنے دام میں صیاد آگیا

دیوبندی وہابی کی عبارت ۱۱ صفحہ ۱۲

انبیاء علیہم السلام کی قبور مطہرہ میں ازواج مطہرات پیش کی جاتی ہیں وہ ان کے ساتھ شب باشی فرماتے ہیں

بحوالہ ملفوظات اعلیٰ حضرت صفحہ ۲۷۶ جلد ۳

جواب ۔ اصل عبارت ۔ "نیز ازواج مطہرات پر عدت نہیں وہ اپنی قبور میں کھاتے پیتے، نماز پڑھتے بلکہ سیدی محمد عبدالباقی زرقانی فرماتے ہیں کہ انبیاء علیہم السلام کی قبور مطہرہ میں ازواج مطہرات پیش کی جاتی ہیں وہ ان کے ساتھ شب باشی فرماتے ہیں"

خط کشیدہ الفاظ سے صاف واضح ہے کہ یہ عقیدہ اعلیٰ حضرت کا اپنا نہیں ہے بلکہ علامہ زرقانی کا ہے اور وہ ابن عقیل سے نقل کرتے ہیں۔ اگر یہ عبارت توہین آمیز ہے تو محدث زرقانی اور محدث ابن عقیل پر فتویٰ لگائیے کیونکہ اعلیٰ حضرت تو صرف ناقل ہیں۔ باقی رہا شب باشی ہونا تو یہ جناب کے مسلم بزرگ اشرف علی تھانوی کے پردادا کے متعلق حمد اللہ محدث سہارنپوری رقم طراز ہے۔ ملاحظہ فرمایئے۔ فرمایا میرے پردادا صاحب کا نام غلام فرید تھا۔ ایک بارات کے ساتھ کیرانہ جا رہے تھے راستہ میں ڈاکوؤں نے گھیر لیا۔ پردادا صاحب اچھے تیر انداز تھے۔ پہلی میں بیٹھے بیٹھے تیر چلا رہے تھے۔ کسی نے ان کو دیکھ لیا۔ اور شہید کیا رات کو میری پردادی صاحبہ جس وقت جاگ رہی تھی۔ تشریف لائے اور باتیں کیں اور جاتے وقت کچھ مٹھائی اور پھل دے گئے۔ کہ بچوں کو دے دیں بھوکے نہ رہیں اور فرمایا اس کی کسی کو اطلاع نہ کریں۔ چونکہ اس زمانہ کے لحاظ سے ایک بیوہ کے پاس مٹھائی کا آنا غرابا تھا اس لئے پردادی صاحبہ نے اس کا اظہار کیا۔ اس کے بعد وہ کبھی تشریف نہ لائے۔

البصائر عربی حمد اللہ واحدی صفحہ ۱۱۲ ۔ اکابر علماء دیوبند کا مذہب صفحہ ۴۴

دیوبندیو اور وہابیو! خط کشیدہ عبارت کو پڑھو اور اپنی عقل کی فاتحہ خوانی کرو۔ اس عبارت سے کئی مسئلے ثابت ہوئے۔ اشرف علی تھانوی کے پردادا کا نام غلام فرید تھا اور شہید ہونے کے بعد اشرف علی تھانوی کا پردادا رات کو پردادی کے پاس شب باش ہوتا تھا اور مثل زندوں کے آتا تھا مٹھائی بھی دیتا تھا اور باتیں وغیرہ بھی کرتا تھا۔ اب آپ ہی سوچیں کہ اگر اشرف علی کا پردادا شہید ہونے کے بعد بھی شب باش ہو سکتا ہے اور اس میں کوئی قباحت نہیں تو علامہ زرقانی کی عبارت میں بھی کوئی قباحت نہیں۔

دیوبندی وہابی کی عبارت صفحہ ۱۳

دو اشعار لکھے ہیں

۱۔ شفا بیمار پاتے ہیں طفیل حضرت عیسیٰ ہے زندہ کر رہا مردے غرام احمد رضا خاں کا
۲۔ لاکھوں جلائے آپ نے ٹھوکر کے زد سے اٹھتا نہیں مسیح سے مارا فرید کا

وہابی مولوی کا اپنے وہابی مولوی کے متعلق عقیدہ دیکھئے۔ کیا لکھتے ہیں۔

سامریان زمانہ سے بچایا دین کو قاسم خیر و رشید احمد ذیشان دونوں
میں تو کہتا ہوں کہ ہیں موسیٰ عمران دونوں مطلع ہیں مسیحائے زماں یوسف کنعاں دونوں

مرثیہ محمود الحسن صفحہ ۲-۴

دیوبندی وہابی کا عقیدہ ثابت ہوا کہ یہ رشید احمد و قاسم نانوتوی کو نبی مانتے ہیں اور مسیحائے زماں یوسف کنعانی بھی۔ نعوذ باللہ من ذالک

مذکورہ اشعار سے صاف ظاہر ہو گیا کہ مرزائیت کے ایجاد کرنے والے مرزائیت گرو دیوبندی ہیں

دیوبندی وہابی کی عبارت صفحہ ۱۴

حضور صلی اللہ علیہ وسلم زوجین کے جفت ہونے کے وقت بھی حاضر و ناظر ہوتے ہیں۔

بحوالہ مقیاس حنفیت مولانا محمد عمر اچھروی صفحہ ۲۸۲

اصل واقعہ مختصراً واقعہ یہ ہے کہ سیدنا ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے حضور علیہ السلام کو اپنے بچہ فوت ہو جانے کی اطلاع دی، تو آپؐ نے فرمایا اَعَرَسْتُمُ اللَّیْلَۃَ "کیا تم نے رات کو جماع کیا؟" سیدنا ابوطلحہؓ نے عرض کیا کہ "ہاں۔ یارسول اللہؐ! تو حضورؐ نے دعا فرمائی "اے اللہ! ان کے واسطے برکت نازل فرما" پس ان کے ہاں لڑکا پیدا ہوا۔ یہ حدیث مسلم شریف صفحہ ۲۰۶ جلد ۲ میں ہے۔ حدیث پاک سے واضح ہوا کہ حضور علیہ السلام نے یہ واقعہ مشاہدہ فرمایا اور وحی کے ذریعہ سے آپؐ کو اطلاع نہیں دی گئی تو یہ بات واضح اور روشن ہو گئی کہ مرد و عورت کے مخصوص واقعات کا ملاحظہ فرمانا اعجاز نہیں ہے لیکن ایسے واقعات سے آپ اعراض فرما لیتے ہیں

دیوبندی وہابی کی عبارت صفحہ ۱۳

کسی نے بایزید بسطامی سے کہا کہ قیامت کے دن ہر ایک آدمی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے کے نیچے ہوگا۔ حضرت بایزید نے فرمایا کہ "میرا جھنڈا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے سے زیادہ ہے" فیوضات فریدیہ صفحہ ۷۳

جواب ۔ اسی عبارت کا جواب شیخ محمد احمد سرہندی علیہ الرحمۃ نے دیا ہے۔ عبارت یوں ہے ۔ "در ایں مقام شیخ بسطام میگوید لوائی ارفع من لوائی محمد از غلبہ سکر میزند" مکتوبات مجدد فارسی صفحہ ۳۵۶ جلد اوّل طبع نولکشور

اس مقام پر شیخ بسطام نے فرمایا کہ میرا جھنڈا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے سے زیادہ بلند ہے غلبہ سکر کے باعث نہیں جانتا کہ اس جھنڈے کی بلندی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے سے نہیں ہے بلکہ اس کے نیچے سے ہے۔ نقل کردہ عبارت سے صاف واضح ہو گیا کہ متکلم کا کلام غلبہ سکر کی وجہ سے ہے

دیوبندی وہابی کا نقل کردہ شعر صفحہ ۱۳

تیری تعظیم ہے سرکارِ عرب کی تعظیم
تو ہے اللہ کا، اللہ ترا، تیرا
مدارج النبوت صفحہ ۲۹

جواب ۔ حضور علیہ السلام کا فرمان ہے "عالم کی زیارت میری زیارت ہے۔ عالم سے مصافحہ کرنا مجھ سے مصافحہ کرنا ہے۔ عالم کے پاس بیٹھنا میرے پاس بیٹھنا ہے۔ جس نے عالم کی عزت کی اس نے میری عزت کی" تذکرۃ الواعظین عربی صفحہ ۲۸

مندرجہ بالا حدیث پاک کی روشنی میں نقل کردہ شعر میں کیا قباحت ہے؟

دیوبندی وہابی کے نقل کردہ اشعار صفحہ ۱۴

حشر کے دن جب کہیں سایہ نہ ہو
حشر میں جب ہو قیامت کی تپش
جب زبانیں سوکھ جائیں پیاس ہے
لواء الحمد کے نیچے جگہ ہم کو ملے یارب

سے نکیرین آ کے مرقد میں جو پوچھیں گے تو کس کا ہے
ادب سے سر جھکا کے بول نام احمد رضا خاں کا
اپنے سائے میں چھپا لا احمد رضا
اپنے دامن میں چھپا لا احمد رضا
جام کوثر کا پلا لا احمد رضا
کریں دل بھر کے نظارہ امام اہل سنت کا

جواب ۔ دیوبندی وہابی! تو اپنے بزرگوں کی عقیدت مندی، تو دیکھ رشید احمد اور قاسم نانوتوی کو کیا کیا القابات سے نوازا ہے۔ درج ذیل آخری شعر کا مطلب آنکھیں کھول کر پڑھ اگر یہ شعر قابل گرفت نہیں ہیں، تو اوپر والے کیسے ہو سکتے ہیں؟

میرے ہادی میرے مرشد میرے ماوی میرے ملجا
میرے آقا میرے مولیٰ میرے سلطان و دستگیر
وہ تناسب کہ تھا مابین خلیل و خاتم
رکھتے عیسیٰ سے ہیں، یہ مہدی دوراں دونوں
معطی حق عزوجل اور یہ دونوں قاسم
ہادی اللہ ہے اور منذر عریاں دونوں
ان کی الفت میں مروں اٹھے غلاموں میں محمل
سینہ صد چاک ہو اور آنکھیں ہوں گریباں دونوں
قبر سے اٹھے پکاروں جور شید و قاسم
بوسہ دیں لب کو میرے آقا و مولیٰ دونوں
مرثیہ محمود الحسن صفحہ ۳۰۲

دیوبندی وہابی کی نقل کردہ عبارت صفحہ ۱۴ کا جواب

مذکورہ عبارت سے صاف واضح ہے کہ مومن کی قبر سے جنت کی خوشبو آنا کوئی قباحت نہیں۔ دیوبند کے مدرسہ کی چھت جنت سے آ گئی

ہے تو مومن کی قبر سے مدینہ پاک کی خوشبو آنا کوئی بعید نہیں جب کہ مومن کی قبر میں خود حضور علیہ السلام تشریف لاتے ہیں تو خوشبو کا آنا بُری بات کیسے ہوگیا؟ باقی سرکار کا کسی مومن کے جنازہ میں شریک ہونا تو یہ حضور کا کرم ہے۔ آقا اگر مقتدی ہو تب بھی آقا ہے اگر امام ہو تب بھی آقا ہے۔

بخاری شریف کی حدیث ہے کہ جنگ تبوک میں نبی علیہ السلام نے سیدنا عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہما کے پیچھے نماز پڑھی، سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی۔ کیا امتی کا نبی کے آگے امام بننا توہین ہے؟ نہیں نہیں! جس کو عقل و شعور ہو وہ دیوبندی وہابی ہوتا ہی نہیں۔

حافظ الحدیث امام اجل سیدنا علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ لکھتے ہیں

وَحُضُوْرُ جِنَازَةِ مَنْ مَاتَ مِنْ صَالِحِ اُمَّتِهٖ فَاِنَّ هٰذَا الْاَمْرَ مِنْ جُمْلَةِ اشْتِغَالِهٖ فِی الْبَرْزَخِ كَمَا وَرَدَتْ بِذٰلِكَ الْاَحَادِیْثُ وَالْاٰثَارُ۔

الحاوی للفتاوی صر۱۵۳ جلد ۲

نقل کردہ عبارت سے ثابت ہوا کہ حضور علیہ السلام کا مومنوں کے جنازہ میں شامل ہونا شغل ہے

دیوبندی وہابی کی نقل کردہ عبارت صفحہ ۱۵

جواب حضور علیہ السلام کی تشریف آوری پر مولانا نوانی اور دیگر علماء کرام استقبال اور قدم بوسی کے لیے بڑھتے نظر آتے ہیں اس دوران نوانی میاں کا عمامہ سر سے گر گیا تو حضور علیہ السلام نے اسے اٹھا کر دوبارہ ان کے سر پر رکھ دیا۔

کتاب شاہ احمد نورانی صر۱۵۱

جواب ہمارے آقا نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام گرتوں کو تھامنے والے ہیں، آقا کا کسی امتی کے سر پر گرتی ہوئی چیز اٹھا کر رکھنا توہین نہیں بلکہ امتی کے لئے باعث فخر ہے۔ اب دیوبندی وہابی مولوی کی توہین آمیز عبارت نقل کی جاتی ہے اور دونوں کا

موازنہ کریں کہ گستاخ کون ہے؟۔ جواب جو کہ پل صراط کے متعلق ہے قارئین کرام عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

۱۔ رَاَیْتُهٗ اَنَّهٗ یَسْقُطُ فَاَمْسَكْتُهٗ وَاَعْصَمْتُهٗ عَنِ السُّقُوْطِ

میں نے ایک رویا دیکھا کہ حضور علیہ السلام گر رہے ہیں (معاذ اللہ) اور میں نے آپؐ کو گرنے سے بچایا۔

بلغۃ الحیران صر۲۱ صاعقۃ الرحمٰن صر۶۲

۲۔ نبی پاکؐ کا کھانا خود لیکر کھلانا دیوبندیوں کے مہمانوں کو۔ تذکرۃ الرشید صر۴۶

نقل کردہ عبارت سے معلوم ہوا کہ دیوبندیوں غلامیوں کے نبی پل صراط پر گرنے والے ہیں اور ہمارے نبی علیہ السلام تو گرتوں کو تھامنے والے ہیں۔ تمہارے اور ہمارے نبی میں فرق واضح ہے۔

ترجمہ۔ کوٹ مٹھن میں آتا کہ خیر الوریٰ

دیوبندی وہابی کا نقل کردہ شعر صفحہ ۱۵

کا چہرہ دیکھ لے کیونکہ فرید کی صورت میں شہنشاہ حجاز یہاں آئے ہیں

دیوان محمدی صر۱۵۱

جواب۔ میں نے پہلے عرض کیا ہے۔ کہ ہمارے لئے ہر صوفی کی بات جو خلاف شرع ہو قابل حجت نہیں لیکن دیوبندی وہابی خارجی کی تسلی کے لئے اسی کا عقیدہ نقل کئے دیتا ہوں۔

ازاکابر ایں طریق فرمودند کہ اگرحق جل وعلا دعنیر کسوت مرشد من تجلی فرماید ہر آئینہ مرادِ ثقات دریں کار نیست۔

صراط مستقیم فارسی ۱۱، اردو صر۲۷

۔ اس طریق کے بزرگوں میں سے ایک کا مقولہ ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ میرے مرشد کی صورت کے سوا کسی اور لباس میں تجلی فرماوے تو میں البتہ اس کی طرف توجہ تک نہ کروں گا

نقل کردہ عبارت اور دیوبندی وہابی مولوی نے تو خدا تعالیٰ کا مرشد کی صورت میں آنا ثابت کر دیا..... ملاجی! ادھر ایک فتویٰ صادر فرمادیں۔ انصاف پسندی کا تقاضا تو یہی ہے۔

دیوبندی وہابی کا نقل کردہ درود وسلام صفحہ ۱۶

۱۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمْ وَعَلَی الْمَوْلٰی الْھُمَام اِمَام اَھْلِ سُنَّۃ مُجَدِّد الشَّرْع الحاطِرہ مُؤید المِلّۃ الطَّاھِرہ حضرۃ الشیخ اَحمد رضا خان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بالرضا السرمدی ۔ ۲۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمْ جَمِیْعًا وَعَلَی الشَّیْخ مولانا محمد ریحان رضا القادری مد اللہ ظلہ ۔

امام برحق احمد رضا سلام علیک — جناب نائب غوث الوری سلام علیک
تجھی جو تیرا گدا ہو رضا کے روضہ پر — تو عرض کرنا میرا بھی صبا سلام علیک
غلام تیرے ہیں جو اُن کو ہے نہیں کچھ غم — تو ان کا حامی ہے احمد رضا سلام علیک
ستائے حشر میں گر مہر کی تپش ہم کو — چھپالے ہم کو تو زیر ردا سلام علیک

مداح اعلیٰ حضرت صر ۲۶

جواب ۔ نقل کردہ عبارت، دیوبندی وہابی کی عقل کی فاتحہ خوانی کر رہی ہے ۔ اس بے شعور کو اتنا بھی علم نہیں کہ صلی وسلم وبارک یہ تینوں الفاظ مومن کامل کے لئے استعمال ہوتے ہیں ۔ عبارت کا ترجمہ دیکھئے ۔ اے اللہ! تو رحمت نازل فرما اور سلامت رکھ اور برکت دے ۔ ان تینوں لفظوں میں کونسی قباحت ہے؟ قرآن کریم شاہد ہے ھُوَ الَّذِیْ یُصَلِّیْ عَلَیْکُمْ وَمَلٰٓئِکَتُہٗ (الآیہ) ..... اللہ وہ ہے جو ایمان والوں پر رحمت نازل فرماتا ہے اور لفظ سلام کا جواز حدیث پاک میں موجود ہے اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ ۔ عقل ہوتی تو ایسی بات نہ کرتے ۔ دیوبندی نجدی وہابی کا قائم کردہ اعتراض خاک میں مل گیا اور اس کی غلاظت وخباثت باطنی کا بھی پتہ چل گیا۔

دیوبندی وہابی کی نقل کردہ عبارت صفحہ ۱۶ کا جواب

امراض قلبی ظاہر کرنے کے بہانے لمبی عبارت لکھ دی ۔ اصل دکھ تو صلوۃ وسلام کا ہے جو کہ دیوبندی نجدی وہابی کا پرانا مرض ہے ۔ درود شریف، صلوۃ وسلام کے متعلق تو قرآن کریم میں نص موجود ہے ۔

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا (احزاب)

اور قرآن حکیم میں حکم مطلق ہے مقید نہیں ۔ مطلق اپنی جگہ مطلق ہی رہتا ہے مقید نہیں ہوتا جب تک اس کے مقابل نص قطعی موجود نہ ہو ۔ قرآن پاک میں صلوۃ وسلام پڑھنے کا حکم مطلق ہے ۔ جس وقت پڑھے خواہ اذان سے قبل پڑھے یا بعد عند اللہ ماجور ہوگا ۔

دیوبندی وہابی کی نقل کردہ عبارت صفحہ ۱۷ کا جواب

بات تو صرف حضور علیہ الصلوٰۃ وسلام کی تعظیم کے لئے کھڑے ہونے کی ہے جو کہ علامہ رضوی صاحب نے کی ہے کہ ترانہ بجے تو اٹھ کر کھڑے ہو جائیں اور صلوۃ وسلام پڑھتے وقت کھڑے ہونا بدعت ہے ۔ ترانے کے لئے کھڑا ہونا کونسی شریعت اسلامیہ میں علت ہے؟ دیوبندی وہابی صاحب بتائیں ۔ مخالفت تو صلوۃ وسلام کی ہے ۔ اور بہانے بنا کر کبھی تعظیم کا سہارا لیتے ہو کبھی ہیلو! ہیلو! کا ۔

صد سالہ جشن دیوبند میں کرسی صدارت پر اندرا گاندھی کو بٹھا کر تعظیم کے لئے کھڑے ہونا کونسی شریعت ہے؟ حوالہ میرے پاس موجود ہے نوائے وقت ۳۱ مارچ ۸۰ء

دیوبندی وہابی کی نقل کردہ عبارت صفحہ ۱۷

ایک شخص خواجہ معین الدین چشتی کے پاس آیا ۔ اور عرض کیا کہ

مجھے اپنا مرید بنالیں۔ فرمایا "کہہ لاالٰہ الااللہ جنتی رسول اللہ" ۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جنتی اللہ کے رسول ہیں

فوائد فریدیہ صر۸۳

جواب ۔ اس عبارت سے جو جعلی عبارت فوائد الفواد ملفوظات نظام الدین اولیا میں موجود ہے ۔ ایک شخص شیخ شبلی کی خدمت میں آیا اور کہا کہ میں آپ کا مرید ہونا چاہتا ہوں۔ شیخ شبلی نے کہا کہ میں اس شرط پر تمہیں اپنا مرید بنانا قبول کروں گا کہ جو میں حکم دوں وہ تم کرو گے۔ مرید نے کہا میں ایسا کروں گا۔ شبلی نے اس سے پوچھا تم کلمہ طیبہ کیسے پڑھتے ہو؟ ۔ مرید نے کہا میں اس طرح پڑھتا ہوں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۔ شبلی کہنے لگے کہ اب اس طرح پڑھو لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ شِبْلِیٌّ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۔ مرید نے فی الفور اس طرح پڑھ دیا۔ بعد ازاں شبلی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ شبلی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے غلاموں میں سے ایک غلام ہے اور اللہ کے رسول وہی ہیں۔ میں تو اعتقاد کا امتحان کر رہا تھا۔

فوائد الفواد اردو صر۴۳۰

دیوبندی وہابی خارجی نے اصل عبارت میں خیانت کی ہے۔ اصل عبارت لکھتا تو جواب خود ہی ہو جاتا۔ متکلم نے کلام کرنے کے بعد خود اس کا رد فرمایا کہ میں تو حضور کا ادنیٰ غلام ہوں رسول اللہ تو وہی ہیں۔ باقی رہا لزوم کفر۔ لزوم کفر تو ہے التزام کفر نہیں۔

لیجئے اپنے گھر کا حال دیکھئے جناب کے مسلّم بزرگ کے مرید نے بھی پڑھا ہے۔ حوالہ اختصار سے نقل کیا جاتا ہے واقعہ تو لمبا ہے۔

"لیکن حالتِ خواب اور بیداری میں حضور ہی کا خیال تھا۔ لیکن حالتِ بیداری میں کلمہ شریف کی غلطی پر جب خیال آیا تو اسی بات کا ارادہ ہوا کہ اس خیال کو دل سے دور کیا جائے اس واسطے کہ پھر کوئی ایسی غلطی نہ ہو جاوے۔ میں خیال بندہ بیٹھ گیا

اور پھر دوسری کروٹ لیٹ کر کلمہ شریف کی غلطی کے تدارک میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھتا ہوں لیکن پھر بھی یہی کہتا ہوں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا وَمَوْلَانَا اَشْرَفْ عَلِیٍّ حالانکہ اب بیدار ہوں خواب نہیں۔

الامداد صر۳۵ مصنف اشرف علی تھانوی

مذکورہ عبارت سے ثابت ہوا کہ اشرف علی تھانوی نے دعویٰ نبوت کیا تھا۔ اور مرید نے جب کلمہ شریف غلط پڑھا تو وہ حالت بیداری میں تھا۔ خواب کی بات ہوتی تو دیوبندی وہابی اپنے بزرگ کے متعلق تاویل کر لیتا لیکن واقعہ بیداری کا ہے اور پڑھنے والے پر کوئی ڈانٹ نہیں کی کہ تو نے ایسا کلمہ خلاف شرع پڑھا ہے۔ میں امت دیوبندیہ وہابیہ سے سوال کرتا ہوں کہ اشرف علی تھانوی کی کسی کتاب سے اس عبارت کی تردید دکھا دیں تو فی حوالہ ایک صد روپیہ انعام حاصل کریں۔

فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ ۔

نہ خنجر اٹھے گا نہ تلوار ان سے
یہ بازو میرے آزمائے ہوئے ہیں

میں نے وہابی کی نقل کردہ عبارت کا رد خود متکلم کی زبان سے ثابت کر دیا ہے۔ اب وہابی کے ذمہ ہے کہ اشرف علی اور مرید کو مرتد ہونے سے بچائے اور حوالہ تردید کا پیش کرے۔

دیوبندی وہابی کی نقل کردہ عبارت صفحہ ۱۷

جواب۔ میرے پاس بھی ایک مختصر ملفوظ شریف حضور پرنور حضرت پیر و مرشد قبلہ و کعبہ مدظلہم العالی کا موجود ہے

حضور پرنور اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ

شمائم امدادیہ حصہ دوم صر۴۱

دیوبندی وہابی کی نقل کردہ عبارت صفحہ ۱۸

۱۔ حضرت فضیل بن عیاض نے فرمایا۔ "میں عرش، کرسی، لوح اور قلم ہوں میں جبرائیل، میکائیل، اسرافیل، عزرائیل ہوں۔ میں ہی موسیٰ، عیسیٰ اور محمد ہوں۔

فوائد فریدیہ صہ ۷۲

۲۔ رحمۃ للعلمین بشکل صدر دین۔ دیوان محمدی صہ ۴۵

۳۔ اعلیٰ حضرت کے نام کے ساتھ ساٹھ مرتبہ رضی اللہ لکھا گیا یہ تو بین صحابہ ہے (باغ فردوس)

جواب۔ پہلی عبارت کا جواب وہی ہے جو مجدد پاک علیہ الرحمۃ نے بایزید بسطامی شاہ منصور حلاج کے متعلق دیا ہے۔ کہ صوفی کی بات غیر شرع غیر معتبر ہے۔ باقی تسلی کی خاطر حوالہ نقل کیا جاتا ہے۔

"فرمایا کرتے تھے۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک جماعت حق تعالیٰ کے دیدار کے لئے بھاگم بھاگ چلی جارہی ہے۔ میں بھی اس جماعت میں ہوں۔ ایک مصفہ جگہ آئی اور عصر کی نماز کا وقت ہوگیا۔ ان تمام لوگوں کا مجھے امام بنایا جب نماز ختم ہوگئی میں اس جماعت کی طرف متوجہ ہوا اور پوچھا تم یہ تمام کوشش کس کی طلب میں کر رہے ہو؟ انہوں نے کہا حق تعالیٰ کی طلب میں۔ میں نے کہا میں وہی تو ہوں جس کی تم طلب کر رہے ہو"۔ انفاس العارفین اردو صہ ۶۵ فارسی صہ ۳۴

می فرمودند شبے در واقعہ دیدم گویا حضرت حق سبحانہ تعالیٰ در خانہ من تشریف آوردہ فرماتے ہیں کہ ایک شب میں نے واقعہ دیکھا کہ اللہ تعالیٰ میرے گھر میں تشریف لاتے ہیں۔

انفاس العارفین فارسی صہ ۳۴ اردو صہ ۶۵

ایک مجذوب اپنے آپ کو رب العالمین کہتے تھے اور ان کا خادم بھی رب العالمین کہلاتا۔

ارواح ثلاثہ صہ ۳۸۴

حاجی امداد اللہ صاحب کے متعلق ان کا مرید کیا عقیدہ رکھتا ہے پڑھئے اور سوچئے۔

"اس زمانہ میں لوگوں نے اکثر یہی کہتے ہوئے سنا کہ ہائے رحمۃ للعلمین! واقعی حضرت کی شان رحمت ہی رحمت تھی ایسا نفع عام اور تام تھا کہ کہیں دیکھنے میں نہیں آیا رحمۃ للعلمین حضور کا خاصہ نہیں۔ فتاوی رشیدیہ صہ ۳۰ معارف گنگوہی صہ ۴۱

مذکورہ عبارات سے پتہ چلا کہ:۔

۱۔ شاہ ولی اللہ کے باپ کا دعوی ثابت ہوا کہ وہ خدا ہیں۔

۲۔ خدا تعالیٰ مکان میں بھی آسکتا ہے۔

۳۔ دیوبندی مجذوب رب العلمین ہے۔

۴۔ دیوبندیوں کے رحمۃ للعلمین حاجی امداد اللہ ہیں اور نفع تام دیتے ہیں۔

لیکن نبی علیہ السلام کے متعلق عقیدہ کہ وہ کسی کو نفع نہیں دیتے اور نفع کا اختیار ہی نہیں رکھتے۔ دیوبندیوں وہابیوں کا اپنے پیر کو نبی سے بڑھا دینا کفر نہیں تو کیا ہے؟

دیوبندی وہابی کی نقل کردہ عبارت صفحہ ۱۸

توہین صحابہؓ۔ اعلیٰ حضرت کی کتابوں کی پیشانی پر مصنف کے کے لئے رضی اللہ عنہ لکھا جاتا ہے۔

جواب۔ اگر کوئی ایسا لکھے تو توہین صحابہ اور اگر دیوبندی وہابی کے بزرگ لکھیں تو عین اسلام! کتنی جہالت ہے! قائم کردہ اعتراض کا جواب خارجی ملاں کے گھر سے دیا جاتا ہے۔ پیش خدمت ہے۔

۱۔ مولوی محمد قاسم صاحب اور مولوی رشید احمد صاحب رضی اللہ عنہما چند روز کے بعد ایسے ہم سبق بنے کہ آخرت میں بھی ساتھ نہ چھوڑا تذکرۃ الرشید صہ ۲۸ ج ۱

۲۔ جس زمانہ میں احقر حضرت مرشدنا مولانا محمد رفیع الدین صاحب نقشبندی مجددی خلیفہ شاہ عبد الغنی مجددی رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر رہتا تھا۔

تذکرۃ الرشید صہ ۲۲ جلد ۲

دیوبندی وہابی نجدی کی خباثت باطنی عجیب ہے کہ دوسروں پر توہین صحابہ کا فتویٰ لگا دیا اور خود اپنے بزرگوں کو رضی اللہ عنہ ثابت کر رہا ہے۔ کیوں جناب قاسم اور رشید رفیع الدین شاہ عبد الغنی کو رضی اللہ لکھنے والا کافر ہوا کہ نہیں اور تمہارے بقول توہین صحابہ کا مرتکب بھی ہو گیا۔ جناب تو اپنے فتوے کے مطابق خود ہی کافر ہو گئے اگر عقل ہوتی تو اتنی بات کیوں کرتے۔

دیوبندی وہابی کی نقل کردہ عبارت صفحہ ۱۸

اعلیٰ حضرت کے زہد و تقویٰ کا یہ عالم کہ میں نے بعض مشائخ کرام کو یہ کہتے سنا کہ ان کو دیکھ کر صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم اجمعین کی زیارت کا شوق کم ہو گیا۔

دیوبندی وہابی کی خباثت باطنی اور عبارت میں خیانت

اصل عبارت یوں نقل ہے۔ "زہد و تقویٰ کا یہ عالم کہ میں نے بعض مشائخ کو یہ کہتے سنا کہ اعلیٰ حضرت قبلہ رضی اللہ عنہ کے اتباع سنت کو دیکھ کر صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی زیارت کا لطف آ گیا۔ یعنی اعلیٰ حضرت قبلہ صحابہ کرام کے زہد و تقویٰ کا مکمل نمونہ اور مظہر اتم ہیں

وصایا شریف صفحہ ۲۶

ہماری نقل کردہ عبارت اور نجدی خارجی ٹکا کی عبارت پڑھ کر قارئین خود فیصلہ فرمالیں کہ کس نے خیانت سے کام لیا ہے۔ عبارت کو توڑ موڑ کر ناخلف دیوبندیوں خارجیوں کی پرانی عادت ہے۔ اسی پر مولوی فاروقی دیوبندی خارجی نے پورا پورا عمل کیا ہے اور عبارت میں کذب بیانی سے کام لیا ہے۔ لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ

دیوبندی وہابی کے نقل کردہ اشعار صفحہ ۱۸

عیاں ہے شان صدیق تمہارے صدق و تقویٰ سے
کھلا الفی نہ کیوں کر جب کہ خیر الاتقیا تم ہو

جلال و ہیبت فاروق اعظم آپ سے ظاہر
عدو اللہ پر ایک حربہ تیغ خدا تم ہو

جو اشعار ہمارے نقل کردہ حوالہ جات پڑھ کر نجدی مخبوط الحواس ہو جائے گا۔ ان اشعار و عبارات میں کفر نظر آتا ہے۔ نجدی پہلے اپنے دامن میں جھانکے پھر دوسروں کی طرف دیکھے۔ اشعار و عبارات مع حوالہ جات حاضر ہیں۔

نسیم بحر رافت فضل الرحمٰن منبع الجود	قسیم فیض یزداں ابر رحمت ظل سبحانی
زباں پر اہل ہوا کی ہے کیوں اعلیٰ و بسل شاہد	اٹھا عالم سے کوئی بانی اسلام کا ثانی
مردوں کو زندہ کیا زندوں کو مرنے دیا	اس مسیحائی کو دیکھیں ذرا ابن مریم

مرثیہ محمود الحسن صفحہ ۲۶

رشید احمد کو یوسف ثانی کہا۔ تذکرۃ الرشید صفحہ ۲۲ جلد اول

رشید احمد گنگوہی کی سوانح رسول اللہ کی سوانح ہے (نعوذ باللہ) تذکرۃ الرشید صفحہ ۵

رشید احمد کی محفل سرکار دو عالم کی محفل کا نمونہ ہے (نعوذ باللہ) تذکرۃ الرشید صفحہ ۱۹۶ جلد ۲

دیوبندی وہابی کی نقل کردہ عبارت متعلقہ عائشہ صدیقہ صفحہ ۱۹ کا جواب

حدائق بخشش حصہ سوم کے متعلق ہمارے علماء کرام نے تردید کی ہے۔ یہ اعلیٰ حضرت کی نہیں۔ کسی نے لکھ کر اعلیٰ حضرت کے نام منسوب کر دی لہٰذا اس کی کوئی عبارت ہمارے لئے حجت نہیں ہے۔

زیر و زبر صفحہ ۳۰۲ علامہ ارشد القادری

دیوبندی وہابی کی نقل کردہ عبارت صفحہ ۱۹

بعنوان "حضرت ام المومنین محبوبہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وعلیہا وسلم (حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا) کا دودھ اقدس سیدنا الغوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دودھ پلانا۔

مہمل بحث ۔ وہابی صاحب! اس میں قباحت کیا ہے؟ کہ اگر کوئی کام خرق عادت کے طور پر ہو تو نہ عقلاً نہ شرعاً محال ہے۔ جو ذات پاک اونٹنی کو بغیر نر سے پیدا

کر سکتی ہے وہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا دودھ غوث پاک کو پلا سکتی ہے

دیوبندی وہابی کی نقل کردہ عبارت بعنوان "توہین اولیا" صفحہ ۲۰ کا جواب

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ نے یہ واقعہ "الابریز" سے نقل کیا ہے جو کہ غوث الوقت سید عبدالعزیز دباغ رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے۔ دیوبندی نجدی، عربی کی اصل عبارت پڑھتا تو خرافات نہ بکتا۔ عربی عبارت کے آخر میں یہ الفاظ ہیں۔

فَقَالَ مَنْ نَامَ عَلَى الْفَرَاشِ الرَّابِعِ ؟ آپ نے فرمایا چوتھے بستر پر کون سو رہا تھا؟

ہم نجدی وہابی سے سوال کرتے ہیں کہ پوری عبارت میں کوئی جملہ ایسا دکھا دے جس سے ثابت ہو کہ حالت ہمبستری میں بچشم خود اس فعل کو دیکھ رہے تھے۔ شیخ تو خود فرما رہے ہیں کہ چوتھے بستر پر کون سو رہا تھا۔ کیا جو شخص آنکھیں کھول کر دیکھ رہا ہو اس کو نائم کہا جاتا ہے؟۔ نائم کا اطلاق اس شخص پر ہوتا ہے جو آنکھیں بند کر کے لیٹا ہو اگرچہ جاگ رہا ہو۔ باقی رہا شیخ کامل کا مرید کے ساتھ رہنا۔ سو یہ تابع اور متبوع میں کمال اتحاد پر مبنی ہے

کتاب الابریز عربی ص ۲۱ اردو ص ۱۰۲

لیجئے اب دیوبندی نجدی وہابی کی اپنی عبارت ملاحظہ فرمائیے۔

حکایت نمبر ۳۰۷۔ خاں صاحب نے فرمایا کہ ایک دفعہ حضرت گنگوہی مجلس میں تھے اور تصور شیخ کا مسئلہ پیش تھا۔ فرمایا "کہہ دوں"؟ عرض کیا گیا کہ فرمائیے۔ پھر فرمایا "کہہ دوں"؟ عرض کیا گیا فرمائیے۔ پھر فرمایا "کہہ دوں"؟ عرض کیا گیا فرمائیے۔ تو فرمایا کہ تین سال کامل حضرت امداد کا چہرہ میرے قلب میں رہا ہے اور میں نے ان سے پوچھے بغیر کوئی کام نہیں کیا۔ پھر اور جوش آیا۔ فرمایا "کہہ دوں"؟ عرض کیا گیا کہ حضرت عنایت فرمائیے"۔

فرمایا "اتنے ہی سال حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم میرے قلب میں رہے اور میں نے کوئی بات بغیر آپ سے پوچھے نہیں کی"۔ ارواح ثلثہ ص ۳۴۱

ہماری پیش کردہ عبارت دیوبندی نجدی پڑھیں اور سر پیٹیں کہ ان کے بزرگوں نے کیا لکھ مارا۔ گنگوہی صاحب تو کہتے ہیں کہ میرے قلب میں تین سال تک پیر مرشد حاجی امداد اللہ کا چہرہ اور نبی علیہ السلام کا چہرہ رہا میں نے کوئی کام ان سے پوچھے بغیر نہیں کیا۔ کیا جس وقت اپنی بیوی سے ہم بستر ہوتے تھے اس وقت بھی پوچھ کر ہوتے تھے؟ اور ہم بستری کے وقت پیر صاحب اور نبی علیہ السلام دل میں ہوتے تھے؟ کیا یہ توہین رسول اللہ نہیں؟ کہ گنگوہی صاحب پلید ہوں اور پسینے میں پیر اور رسول اللہ موجود ہوں۔ نعوذ باللہ من ذالک الخرافات۔ یہ واقعہ مذکورہ واقعہ سے زیادہ توہین آمیز نہیں کیا؟۔ دیوبندی نجدی آنکھیں کھول کر پڑھے اور سر پیٹ لے۔ لیجئے اور شرمناک واقعہ ملاحظہ فرمائیں۔

"یہ دونوں حضرات بھی وہیں مجمع میں تشریف فرما تھے کہ حضرت گنگوہی نے حضرت نانوتوی سے محبت آمیز لہجہ میں کہا کہ یہاں لیٹ جاؤ۔ حضرت نانوتوی کچھ شرما سے گئے مگر حضرت نے پھر فرمایا تو بہت ادب کے ساتھ، چت لیٹ گئے۔ حضرت بھی اسی چارپائی پر لیٹ گئے اور مولانا کی طرف کو کروٹ لے کر اپنا ہاتھ ان کے سینے پر رکھ دیا جیسے کوئی عاشق صادق اپنے قلب کو تسکین دیا کرتا ہے۔ مولانا ہر چند فرماتے ہیں کہ میاں کیا کر رہے ہو؟ یہ لوگ کیا کہیں گے؟۔ حضرت نے فرمایا "لوگ کہیں گے کہنے دو"۔

ارواح ثلاثہ ص ۳۲۹ حکایت ۳۰۵

کیوں جناب! تسلی ہوئی کہ نہ؟ اب تو جناب کے غوث کا بھرے مجمع میں لونڈے بازی کرنا ثابت ہو گیا۔ کتنی شرم کی بات ہے؟ کہ بھرے مجمع میں

بھی اپنی ہوس پوری کرنے سے باز نہیں آتے۔ خط کشیدہ عبارت کو ذرا غور سے پڑھیں۔ جن کے بزرگ اغلام بازی کے شائق ہوں بھرے مجمع میں شرم محسوس نہ کریں تو ان کے چیلے اولیاء اللہ کے متعلق زبان درازی کرنے سے کیسے باز رہ سکتے ہیں؟

دیوبندی وہابی کی نقل کردہ عبارت صفحہ ۲۰ ولی کی شرائط

عورت کی شرمگاہ میں کوئی لطفہ قرار نہیں پاتا مگر وہ کامل اس کو دیکھ رہا ہوتا ہے۔ نجم الرحمٰن صہ ۱۰۶

جواب: دیوبندی وہابی کی عبارت میں خیانت دیکھئے۔ اصل عبارت امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب کے حاشیہ پر درج ہے جو کہ بریلوی حضرات کے ذمہ لگادی۔ عبارت یوں ہے۔

اما شیخنا سیدی علی الخواص فمعتقدہ یقول لا یکمل الرجل عندنا حتی یعلم حرکات مرید ہ فی انتقالہ فی الاصلاب ولھو نطفۃ من یوم الست بربکم الی استقرارہ فی الجنۃ والنار۔

الیواقیت والجواہر صہ ۱۶۵

یہ عبارت علی الخواص رحمۃ اللہ علیہ کی ہے۔ اگر فتویٰ لگانا ہے تو ان پر لگیے باقی رہا مشاہدہ کرنا تو یہ حدیث سے بھی ثابت ہے جو اس بات کی تائید کرتی ہے۔

عروہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میدان بدر کو تشریف لے جا رہے تھے۔ راستہ میں مقام روحا پر ایک بدوی ملا لوگوں نے اس سے اہل مکہ کے متعلق خبر پوچھی۔ لیکن اس کو کچھ خبر نہ تھی۔ لوگوں نے اسے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں سلام عرض کر۔ اس نے پوچھا "کیا تم میں رسول اللہ ہیں؟" لوگوں نے کہا "ہاں"۔

اعرابی نے کہا، "اگر آپ اللہ کے رسول ہیں تو بتائیں کہ میری اونٹنی کے پیٹ میں کیا ہے؟" سلمہ بن سلامہ بن وقش، جو ابھی بچے تھے، نے کہا "تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نہ پوچھ۔ میں تجھے بتاتا ہوں۔ تو نے اس اونٹنی سے جفتی کی اور تیرا مضغہ اس کے پیٹ میں ہے"

مستدرک شریف صہ ۴۱۸ جلد ۳ البدایہ والنہایہ ابن کثیر صہ ۳۱۷

کیا اب بھی کوئی جاہل کہہ سکتا ہے کہ ماں کے رحم کا لطفہ ولی کامل سے پوشیدہ ہوتا ہے؟

لیجئے اب دیوبندی وہابی مولوی کا تصرف دیکھئے۔ وہ یوں رقم طراز ہے۔

حکایت ۴۰۔ خانصاحب نے فرمایا کہ شاہ ولی اللہ صاحب بطن مادر میں تھے تو ان کے والد ماجد شاہ عبدالرحیم صاحب ایک دن خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر حاضر ہوئے اور مراقب ہوئے اور ادراک بہت تیز تھا خواجہ صاحب نے فرمایا کہ زوجہ تمہاری حاملہ ہے اور اس کے پیٹ میں قطب الاقطاب ہے اس کا نام قطب الدین احمد رکھنا۔ ارواح ثلاثہ صہ ۴۷

نقل کردہ عبارت سے دو فوائد اعتراضات کا جواب ہو گیا۔ ولی کی شرائط اور لونڈیا اور مزارات کا۔

کیوں جناب! ولی کامل کو لطفہ کا علم ہوا کہ نہیں اور ساتھ ہی بیوی کا حاملہ ہونا خبر سے بتایا۔ اور نام بھی رکھ دیا۔ دیوبندی کا قائم کردہ اعتراض وہابی کے گھر سے رفع ہو گیا۔

اب رشید احمد گنگوہی کا عقیدہ ملاحظہ فرمائیے۔

آپ کی قوت قدسیہ کے سامنے قریب و بعید اور حاضر و غائب، اس انتفاع میں یکساں تھے۔ تذکرۃ الرشید صہ ۱۲۰ جلد ۱

قائدِ اعظم کافر۔

دیوبندی وہابی کے نقل کردہ عنوانات صفحہ ۲۱، ۲۲ — محمد علی جناح کافر مرتد۔

جماعتیں کافر ہیں — بحوالہ تجانب اہلسنت ص ۳۲-۳۳ پر

الجواب :- قائدِ اعظم کو کافر تو تمہارے مسلم بزرگوں نے بھی کہا۔ حوالہ جات ملاحظہ فرمائیے۔

۱۔ کیا اسلامی جماعت کا قائد کسی فاسق و فاجر کو بنایا جا سکتا ہے؟ جبکہ سوادِ اعظم بھی مصر ہو کہ ہمارا قائدِ اعظم مسٹر جناح ہی ہے۔ کیا ہندوستان میں ہزاروں علماء نائبینِ رسول کے ہوتے ہوئے مسٹر جناح مسلمانوں کے قائدِ اعظم ہو سکتے ہیں؟ خطباتِ عثمانی ص ۱۲۰

۲۔ قائدِ اعظم، کافرِ اعظم ہے اور شبیر احمد عثمانی ابوجہل ہے۔ ص ۱۰۲

۳۔ پاکستان دیوبندیوں کی لاشوں پر بنے گا۔ ص ۱۰۰

۴۔ اگر نبوت ختم نہ ہوتی تو مہاتما گاندھی ہی نبی ہوتے ص ۴۹

نوٹ :- میں دیوبندی مذہب کے "نفیس" عقائد پڑھیئے اور حیرانی کا مظاہرہ کیجئے۔

- مذی میں مزہ ہے۔ الاضافات الیومیہ ص ۳۰۷ جلد ۱ اشرف علی تھانوی
- فرج کو روٹی لگا کر کھانا دیوبندی مولوی کا۔ الاضافات الیومیہ ص ۲۲۶ جلد ۱
- دیوبندیوں کا لذت فرج چکھنا اور ممکن بتانا۔ " ص ۲۱۳ جلد ۲
- نیز اس کے متعلق میں نے ایک یہ بھی خواب دیکھا تھا کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا میرے مکان میں تشریف لانے والی ہیں۔ عقد ثانی کے لئے۔ الاضافات الیومیہ ص ۶۸ جلد ۱
- دیوبندیوں کے رب المشرقین و مغربین حاجی امداد اللہ ہیں " ص ۱۳۱

- اشرف علی تھانوی کا اپنے آپ کو خنزیر سے بدتر کہنا۔ الاضافات الیومیہ ص ۱۱۲ جلد ۴
- عورت کی شرمگاہ کی مثال ولنہ گیہوں کی طرح ہے۔ تذکرۃ الرشید ص ۱۰۱ جلد ۲

ہماری مطبوعات

نکاحِ زلیخا ★ یا رسول اللہ کی کثرت کیجئے

تنبیہ الاغبیاء فی بنات سید الانبیاء ★ یزید کی پہچان

قصیدۃ الصالحین فی انوار سید المرسلین ★ صاعقۃ الرحمٰن قاضی نور محمد قمعوی کا مختصر رد زیرِ طبع

قصیدۃ الابرار زیرِ طبع ★ السوط السنیۃ علی عنق الوہابیہ

وہابی کیا ہیں؟ زیرِ طبع

ملنے کے پتے

مکتبہ رضائے مصطفےٰ گوجرانوالہ

مکتبہ نوریہ نزد نورانی جامع مسجد۔ کامونکے

مکتبہ نوریہ رضویہ۔ گنج بخش روڈ۔ لاہور

مکتبہ شرکت حنفیہ۔ گنج بخش روڈ۔ لاہور